وعلمناہ من لدنا علما

مرجع فیوض خواص ومنبع برکات عوام نسخہ متبرکہ از الہامات
قدسیہ آیۃ من آیات اللہ حضرتنا غوث الثقلین الشیخ

(۱)

عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز

(اعنی)

تصنیف لطیف حضرت قطب الاقطاب

الہامات غوثیہ

مع شرح آن جسکا ترجمہ

نفحات ربانیہ

ترجمہ سلیس اردو زبان مع حل معانی

سلیس اردو زبان مین برای سہولۃ عوام حضرت حاجی حافظ پیرجی عطاء اللہ صاحب
خلیفہ برحق حضرت الحاج الشاہ امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ نے
بنگال آرٹ اسٹڈیو لمیٹڈ سرکارین نمبرا کلکتہ مین چھپوایا

تعداد جلد ایکہزار ۱۰۰۰

قیمت فیجلد علاوہ محصول ایکروپیہ (عہ)

کی راہ مستقیم کو پرانہ خیالی اور تنگ حالی بتلاتے ہوئے قسم قسم کی بدعات اور خواہشات نفسانی۔ اور حب جاہ اور سرداری کے عشق مین مصروف کار ہین صرف آپ کو راہ یاب ہی نہین کہتے بلکہ اپنے کو دوسرون کا ہادی تصور کرتے ہین۔ حالانکہ آپ شیطان لعین کے اجل تلامذہ اور باعث فخر موالاتیون مین ہین۔

چودھوین صدی کی برکات گو مدارس بکثرت ہین مگر غزالیؒ اور رازیؒ۔ اور ابوحنیفہؒ کی مسندین ویران پڑی ہین۔ اگرچہ خانقاہین شمار مین بہت ہین۔ مگر جنید بغدادیؒ اور ابن عربیؒ و مولوی معنویؒ کی روحین ناخلف قائمقامون سے غم و غصہ مین ہین۔ اگر مسجدون کو تلاش کیجیے تو بلاشبہ مسلمانون کی آبادی مین بیش قیمت سامانون سے قدم قدم پر آراستہ و پیراستہ نظر آئین گی۔ مگر ریا۔ سمعہ۔ بیجا نمایش اور فضول شور و شغب سے گونجتی ہون گی۔

خدا تعالےٰ سبحانہ اور شیطان لعین کی قرب و بعد اور رضامندی کا صرف واحد ذریعہ ہے اور وہ عشق و محبت اور بغض و عداوت مین منحصر ہے۔

اگر خدا تعالیٰ کا طالب ہے تو خدا تعالیٰ اور آپکے برگزیدہ بندون سے محبت اور عشق کریگا اور خدا تعالےٰ کے دشمنون سے بغض و عداوت رکھیگا اور اگر شیطان کی دوستی اور رضامندی مقصود ہوگی تو خدا تعالےٰ اور آپکے نیک بندون سے بغض و عداوت ہوگی اور شیطان لعین اور آپکے احباب سے عشق و محبت کریگا۔ اس طریق کا پتہ اگر قرآن شریف سے معلوم کرنا چاہتے ہو تو ان آیات کو پڑھو۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

یعنی بعض لوگ اللہ کے سوائے کسی کو مثل خدا مانتے ہین وہ ماسوائے اللہ سبحانہ کی سی محبت کرتے ہین اور جنکا ایمان خدا تعالےٰ پر ہے انکو خدا تعالیٰ سے زیادہ محبت ہے۔ اور اس حدیث شریف کا مطالعہ کرو جسمین ختمی مآب صلعم نے ایمان مکمل ہونا حب فی اللہ اور بغض فی اللہ پر منحصر فرمایا ہے۔

اسوقت علماء اسلام اور دیگر دانشمندون نے اعلاء کلمۃ اللہ اور نصرۃ اسلام کیلئے راہ عمل کی جو

باسمہٖ تعالیٰ

ذکرِی من مترجم

یہ چودھوین صدی کا دور ہے یقیناً یہ وہی زمانہ ہے جسمین روایاتِ اسلامی کی روی سے تمام برکاتِ ایمان اور معارفِ ایقان اسلام کے مسلمانانِ عالم کی غفلت اور بداعمالیون سے محو وفنا ہونے شروع ہونگے۔ اور آفتابِ علم کو کسوف لگنا شروع ہوگا۔ اور شمعِ علم کو اپنے علماء باللہ پروانون کی جدائی سے خاموش اور تاریک زندگی بسر کرنا ہوگی۔ اور جہل اور ضلالت کی گھٹائین آفاقِ عالم مین جھوم جھوم کر طرح طرح کے جالون اور حیلونکے ساتھ دنیا والون پر برسینگی اور اسکے فرزند غلط فتوون کی ژالہ باری سے عوام بیچارونکے ایمان کی سرکوبی کرین گے۔ اور غلط راستہ پر مسلمانون کو چلاکر حب جاہ اور سرداری حاصل کرینگے۔

سو روایاتِ اسلامی کے صداقت اسوقت اہل تدبر اور تذکر اپنی آنکھون سے مشاہدہ کر رہے ہین۔ اور جو باتین برکاتِ نبوت سے وابستہ ہین اور مرسلین اور انبیاء علیہم السلام کے رشد و ہدایت کے افضل ترین نتائج اور دین الٰہی کے اساس اور اصول ہین وہ قلوب سے نہ صرف ذوقاً۔ بلکہ اعتقاداً نیست و نابود ہوتے ہین۔ زہد۔ تقویٰ۔ حقایق و معارف ریاضت و مجاہدہ کہ جو شرعیات مین سب سے پہلے ہین وہ سب کے بعد بھی رکھنا نہین چاہتے اور ان باتونکو جو کہ درحقیقت مشکوٰۃ نبوت سے مستفاد ہین (لوگ گوشہ نشینون اور عزت گزینون کے توہمات اور تخیلاتِ فاسدہ کا نتیجہ سمجھتے ہین زبان پر ترک موالات نان کوآپریشن + نان وائے لینس ہے۔ حالانکہ عملاً یورپ کے مردود راہ و روش اور لامذہبی پر دلدادہ ہین اور یہی وجہ ہے کہ بزرگانِ سلف کے ملفوظات اور کلمات سے اغماض و استحقار کرتے ہوئے منطق الیونانی کے شراب سے مست ہوکر اپنی دانائی کے مدعی اور اپنی عقل خام پر مغرور ہین اور بزرگون

ترک موالات کی روح بھی معلوم ہو جائے گی -

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ الخ یعنی جو لوگ خدا تعالی کی محبت کے دعویدار ہین اور طریق عشق مین گامزن ہو کر رضا اور محبت آلہی کے جویان ہین اُنکو پیغام امتحان پہونچا دیجئے کہ اُنکو لازم ہے (تاکہ اپنے دعوے کی صداقت کا ثبوت دین اور وعدہ آلہی پورا ہوتے دیکھین) میرا یعنے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اتباع کرین -

اس کلام شریف کی شرط وجزا لازم و ملزوم منطق سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالی کی دعوے محبت کے ساتھ اتباع رسولؑ لازم اور ضروری ہے اور جو لوگ باوجود دعوے محبت اتباع رسول نہین کرتے وہ کاذب اور دروغ گو ہین - اس دعوے کی برہان آیۃ کریمہ بالا مین منطقی اصول صحیحہ سے واضح اور متحقق ہے اسوجہ سے کہ تالی کی نفی سے مقدم کی نفی ہو جاتی ہے پس جسوقت فَاتَّبِعُوْنِیْ کی نفی ہو جائیگی تو تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ کی نفی ضروری ہے - جسطرح اِنْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ مین وجود نہار کی نفی سے طلوع آفتاب کی نفی ہو جاتی ہے - پس اس پیغام آلہی نے اپنے پرستار بندونکو یہ ہدایت فرمائی کہ جو طریق عشق و محبت اختیار کی ہے وہ جب ہی تک موصل ہے کہ تم ہر معاملہ مین رسول (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کا اتباع کرو - اور اگر اتباع کے طریق کو چھوڑوگے تو تم اپنے دعوے مین کاذب ہوگے اور میری رضامندی اور محبت کے دولت سے محروم اور مغفرۃ اور حط سیئات کے نعمت سے فائز نہوگے -

لہٰذا سب تارکین موالات کو کان کھول لینے چاہئین اور قرآن شریف کے اس اعلان کو بغور مطالعہ کرنا چاہیئے کہ اس تحریک کا فوز و فلاح اور غایۃ اور منتہی صرف اتباع رسول پر منحصر ہے - اور اتباع رسول صلعم کی فہرست کا نام کتاب و سنۃ ہے پس ہر معاملہ کو اس دونون کی کسوٹی پر جانچ کرین اور عمل پیرا ہون - اور خوب یاد رکھین کہ اس تاریکی کے زمانہ مین ہمارے درد کی دوا صرف انور بے غازی کے سینہ سے نہ مل سکیگی اور اس درد کے مسیحائی صرف حضرت مصطفا کمال غازی کے تلوار سے نہوگی بلکہ ایسے جامع شخص کے نقش قدم پر چلنے سے تمام مشکلات حل ہونگے

ترک موالات + نان کوایریشن - نانی وائے لنس + کیسا مقدمو سو ... تی ہے - اور جسکا ماخذ قرآن شریم ہے - اختیار فرمائی ہے اور سب مسلمانون کو مذہبی نقطۂ نظر سے اُسپر چلنے کی ہدایت فرماتے ہین وہ نہایت صحیح اور صراط مستقیم ہے یہ ہی وہ راہ ہے جسے موسیٰ نبیؑ اور آنکی قوم بیکس اور بے بس نے فرعون پر غرور اور اُسکی قوم پُر زور کے مقابلہ مین اختیار فرمائی تھی اور حضرت مسیحؑ نے اپنے دشمنون کو ہمیشہ اس ہی ایک ہتھیار سے شکست دی تھی اور پیغمبر آخرالزمان نے (علیہ الصلوٰۃ والسلام) نہایت صبر و استقلال سے مکہ معظمہ کی زندگی مین اس ہی پاک طریق کو پیش نظر رکھا۔

لیکن بہت سے تارکین موالات صرف اسی ترک موالات کو اپنا مطمح نظر قرار دیکر ناز کرتے ہین اور یہ اُسکے مغز اور حقیقت سے عملاً ناموافق ہین۔

ترک موالات کا اصلی مقصد یہ ہے کہ خدا اور دوستان خدا سے موالات اور دوستی مکمل ہو اور جو شیرازہ موالات کا دشمنان خدا کی محبت مین صرف ہوکر بکھر رہا ہے اور دو مقامون مین تقسیم ہوکر ضعیف ہو رہا ہے خاص خدا تعالیٰ اور اُسکے نیک بندون کے لئے مخصوص ہو جائے اور پھر بہترین ثمرات دینی اور دُنیوی پورے ہون اور اعلاء کلمۃ اللہ اپنے کمال کو پہونچے پس اسے ثابت ہوتا ہے کہ شریعۃ حقہ کا مقصد صرف ایک ہی ہے کہ موالات خدا اور دوستان خدا مکمل ہو جائیگا۔ سو بہت سے تارکین موالات اس پاک مقصد کے عمل پیرا ہونے کی مدعی ہین لیکن موالات خدا تعالیٰ اور رسولؐ مین خام یا تارک ہین پس جو لوگ موالات خدا اور رسولؐ مین قائل ہین وہ در حقیقت روح کو چھوڑ کر الفون کو اصلی مقصد قرار دے رہے ہین یا شاخ پر بیٹھکر اُسکی جڑ اپنے ہاتھون سے کاٹ رہے ہین اور سب اپنے کوشش کو مفت برباد دینا چاہتے ہین پس اگر مسلمانون کے علم و اعتقاد مین نان کوایریشن کی تحریک مذہبی ہے اور اسکا استقبال مسلمانون نے مذہباً کیا ہے تو وہ آئین اور قرآن شریف کی اس آیۂ کریمہ کو پڑھین اور تمام احکامات اور مذہبیات کی روح اور مغز کو دریافت کرین جس سے

اور معتقدان حضرت قدس سرہٗ کے سامنے پیش کرکے اجر حاصل کرنیکا ارادہ کرلیا گیا ہے۔ گو اس زمانہ مین سمجھنے والے کم ہین لیکن اس جیسے مذاکرہ علمیہ اور ایسی کتابون کے اشاعت سے اُمید ہے کہ لوگ حقیقی تقویٰ اور ہادیان تقویٰ اور طریق تقویٰ سے ربط حاصل کرین اور اُنکے لئے راہ تقویٰ کشادہ ہوجائیگا اور لوگ شیطان کی راہ موالات چھوڑ دین اور نان کو اپریشن اور نان وائےلینس زیر حمایت تقویٰ مکمل ہوجائے۔

اگرچہ یہ کتاب خاص خاص مضامین اھل معرفت پر مشتمل ہے کہ جو ہر ایک کی عقل اُسکے سمجھنے سے قاصر ہے لیکن ہر حال مین اسکا وجود باعث برکت اور رحمت ہے۔ اور وجوہات ذیل کی وجہ سے اس مجموعہ کو زیور طبع مین ملبوس کیا گیا۔

(۱) بزرگا سلف وخصوصاً حضرت غوث الاعظمؒ کی یادگار کا بقا رہے۔

(۲) اور چونکہ یہ کتاب قلمی ہے اسوجہ سے خصوصاً اسکا اور علم صوفیہ کرامؓ کا بقاء ہو۔

(۳) جبکہ دُنیا کے رذیل ترین کام یا قلیل المنفعۃ بلکہ مہلک بڑی مستعدی سے انجام دیئے جاتے ہین تو کیا وجہ کہ جو کام باعث تبریک ہو چھوڑ دیا جائے۔ وَلِلنَّاسِ فِيمَا يَعْشَقُونَ مَذَاهِبُ ٭ وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِينِ مَا يَتَجَرَّعُ ٭ اور اس تحفۂ نافعہ کی اشاعت کے روح روان جنکے ہمت اور برکت سے یہ کام آسان ہوا۔ جناب سالک راہ خاموشی خوشہ چین سعادت وکرامت لَمْ يَتَزَلْزَلْ یادگار سلف صالحین سُعاون خیر خواہ مومنین حضرت حافظ حاجی حکیم پیر محمد عطاء اللہ صاحب پانی پتی خلیفہ برحق حضرت الحاج مولانا الشاہ امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ کی ذات بابرکات ہے اور آپکا نسب حضرت شیخ جلال الدین کبیر اولیا پانی پتی سے اسطرح ملتا ہے۔ حضرت پیر محمد عطاء اللہ ابن پیر ہدایت اللہ ابن پیر حافظ شکر اللہ ابن پیر امان اللہ ابن پیر خلیل اللہ ابن پیر حبیب اللہ ابن پیر ولی اللہ ابن پیر حضرت جلال الدین کبیر الاولیا پانی پتی چشتی صابری فاروقی یہ کتاب مسائل تصوف کا مجموعہ ہے اسمین وہی سب مسائل ہین کہ جو محققین صوفیہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے بیان فرمائے ہین اسمین کوئی بات جدید یا خلاف شریعت نہین ہے اور نہ کسی بزرگ کے بات خلاف شرع

ثہ جو صدیق اکبر کی سی صداقت اور فاروق اعظم کا عدل و انصاف ۔ اور عثمان غنی کی سی علم و حیا اور
اور اسد اللہ کی سی شجاعت و سخاوت اور خالد کی سی جلاوت اور تیز تلوار رکھتا ہو ۔ پس جب تک
مسلمانان عالم اور خصوصاً ہندی مسلمان خواجہ معین الدین اجمیری اور شیخ سنوسی اور مسعود غازی بنیں گے
اور ظاہر اور باطن کو اتباع شریعت اور تقوی و طہارت اور ریاضت اور مجاہدہ سے اپنے نفوس کو مطمئنہ
نہ بنائیں گے تو اس تحریک کا کامیاب ہونا معلوم ہے اور یہ تحریک خلافت اس طریق کے ولو بالمحال کامیاب
ہو بھی گئی تو بہت سے زہروں اور مفاسد کو اپنے اندر چھپائے ہوگی اس مضمون کے اطمینان بخش
کرنے کے لئے صحاح کی یہ حدیث کافی ہے لا یاتی الشر الا بالشر ۔ یعنی برائی کبھی بھلائی کیطرف منتج
نہوگی بلکہ نتیجہ کار بد کا کار بد ہے ۔ یہ وہ حقیقت ہے جسکو بہت سے مدعیان تارک موالات نہیں جانتے ۔

اسی وجہ سے ضروری ہے کہ رئیسان تقوی اور سرداران مجاہدہ اور ہادیان حقیقت اور رہنمایان
شریعت اور طریقت کیطرف لوگ توجہ فرمائیں اور لیں جو راہ کتاب و سنت کی انہوں نے اختیار کی تھی اختیار کریں
اور جو انہوں نے پایا تھا پائیں ۔ اور خوب یاد رکھیں کہ صرف کانگریس اور خلافت کمیٹیوں کے انعقاد سے ترک
موالات کا پروگرام مکمل نہوگا بلکہ خاص اتباع نبوی سے یہ عقدہ حل ہوگا اور یہ جام صحت نائبین اور
وزرا نبوی صلعم کے دار الشفا سے ملیگا ۔

لہذا بہت ضروری ہے کہ اہل تقوی اور صاحب مجاہدہ کی تصانیف اور کلمات کی اشاعت
ہو تاکہ انکے پاک تعلیمات کے انوار سے دل گداز ہو ۔ اور پھر ہر قسم کی تکلیفات کہ جو اعلاء کلمۃ اللہ کی
راہ میں آنے والی ہیں انکا مستعدی اور صبر اور نان وائلینس سے مقابلہ کرے اور فتح و نصرت حاصل ہو ۔
بنا ؑ علیہ شرح الکرامات غوثیہ کا ترجمہ اردو مسمی نفحات ربانیہ جسکا اصل متن فاتح اعظم اقلیم دل غازی
اکبر عالم ناسوت و ملکوت پیشوائے عسکر اسلام غوث الجن و الانس سیدنا مولانا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی
رحمتہ اللہ علیہ کا ہے کہ جو ابتک قلمی تھا اور مثل موتیوں کی اصداف اور صندوقوں میں مستور تھا طبع کرائے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد بیحد و ثنائے بیعد مر حضرتے راکہ حقیقت
انسان آئینہ مظہر ذات و صفات جلال و جمال وے
کہ الانسان سری وانا سرہ مشعر باوست و درود
نا محدود و سپاس بے قیاس مر حضرت محبوبے راکہ مقصود از
ظہور خدائی ظہور ذات و سے است کہ لولاک لما
اظہرت الربوبیۃ اشارت باوست و علی آلہ و عترۃ
اجمعین۔ اما بعد میگوید بندۂ ہیچمقدار شرمسار
امیدوار بدرگاہ حضرت غفار القوی محمد ولی بن ملوک شاہ
الصدیقی القادری الجر تھاولی یکے از بندگان درگاہ و
کمینہ خاکروبان بارگاہ حضرت غوث ربانی قطب صمدانی
محبوب رحمانی موصوف بصفات سبحانی مظہر ذات
سلطانی قطب الاقطاب غوث الاعظم حضرت محی الملۃ
والدین شیخ عبد القادر جیلانی حسنی الحسینی قدس سرہ
و نور اللہ مرقدہٗ و آن مشرف بہ تشریف قدمی علیٰ
رقاب کل اولیاء اللہ ولا فخر لی چنانچہ
سلطان الانبیا صلعم فرمود کہ
الآدم و من دونہ تحت لوائی یوم

بیشمار حمد و ثنا اُس درگاہ باعظمت کو زیبا ہے کہ
جس نے حقیقۃ انسانی کو آئینہ بناکر اپنے صفات جلال
و جمال کو جلوہ گر فرمایا اور مظہر ذات قرار دیا چنانچہ مروی
ہے کہ انسان مرا بھید ہے اور میں انسان کا بھید ہوں
اور درود و نعت بے انتہا اُس محبوب کردگار کی درگاہ
کو سزاوار ہے کہ سارے جہان کے ظہور سے اُس کی ذات
کا ظہور مقصود ہے چونکہ ثابت ہے کہ خدا تعالیٰ نے
فرمایا اگر نہ ہوتے آپ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)
تو نہ ظاہر کرتا ربوبیت کو اور درود پہنچے تابعداروں اور
تمام آپ کے اولاد پر۔ بعد حمد و صلوٰۃ کے بندہ ہیچمقدار
شرمسار امیدوار بدرگاہ رب غفار و قوی المسمی
محمد ولی بن ملوک شاہ صدیقی قادری جرتھاولی
گنتا ہے کہ جو بندگان درگاہ و کمینہ خاکروبان بارگاہ
حضرت غوث ربانی قطب صمدانی محبوب رحمانی موصوف
بصفات سبحانی مظہر ذات سلطانی قطب الاقطاب غوث
الاعظم حضرت محی الملۃ والدین شیخ المشائخ شیخ عبد القادر جیلانی
حسنی الحسینی قدس سرہٗ و نور اللہ مرقدہٗ ہے اور آپ اس

ہو سکتی ہے البتہ ہر بات ہر شخص کی سمجھ مین آجانا ضرور نہین لہٰذا جو مضمون کسی صاحب کے سمجھ مین نہ آسکے یا وسواس کا باعث ہو تو فوراً اُسکو چھوڑ دین اور خیال کرین کہ ضرور موافق شرع ہے گو ہماری سمجھ مین نہین آتا اور اگر سمجھنے کا شوق ہو تو کسی بزرگ عالم ماہر تصوف سے اپنی تشفی کر لین۔

اور یہ بھی واضح کر دینا ضروری خیال کرتا ہون کہ شرح الہامات غوثیہؒ کا ترجمہ لفظ بلفظ نہین کیا گیا بلکہ اسطرز پر کیا گیا ہے کہ جس سے مطلب سمجھنے مین سہولت ہو۔ اور بعض ایسے موقعون پر جہان عوام شریعت سے لغزش کر جاتے ترجمہ کرنے مین ایسا رویّہ اختیار کیا گیا ہے کہ عوام دین کو نہ چھوڑین اور بجائے فائدہ کے خسران مین نہ پڑین لہٰذا محققین صوفیہ سے راقم الحروف معافی چاہتا ہے کہ وہ اپنا ظرف متن سے سیر کر لین۔


المترجم

احقر عباد اللہ محمد نعمت اللہ عفا اللہ عنہ امروہی

مدرس مدرسہ اسلامیہ واقع جامع مسجد

کلکتہ

۱۹ رجب ۱۳۴۰ھ



چه وصف تو کند عاجز و سے
و خود در مدح ما هرگز نیائی

المقصود چو دیدم که رساله حضرت ایشان به
عبارت عربی ست و مضمون کلام حضرت قدس
مشتمل بر ناز و نیاز محبی و محبوبی است ترجمه
او بپارسی ساختم تا عام و خاص و اخص الخاص از و
نصیب برند و چند نکته بدیعه که بفیض سبحانی و مدد غوث
ربانی و قطب صمدانی بخاطرم رسیده دریں رساله
درج کردم حسن عقیده که بریں درگاه علیه بود اظهار
نمودم و امید دارم که بروح پاک ایشان و
معتقدان و تابعان حضرت ایشان بخشند آمین ثم آمین
خدایا اگر نیک باشم از ایشان گیرند ور بد باشم بایشان
بخشند و التجا می نمایم که در دنیا و آخرت در سلک سگان
ایشان منسلک سازند۔

بیت شنیده ام که سگان را قلاده می بندند*[1]
چرا بگردن حافظ نمی نهی رسنے * اگرچه معانی ایں
رساله از افهام و فکر رکیک ما بعید است اما از جهت
واسطه بندگی و محبت که ز بان طوث را بنام پاک ایشان

الغرض جب میں نے دیکھا کہ رسالہ الہامات غوثیہ
حضرت (علیہ الرحمۃ) کا عربی زبان میں ہے مضمون کلام
حضرت قدس (علیہ الرحمۃ) ناز و نیاز محبی و محبوبی کو
شامل لہذا اس کا ترجمہ فارسی زبان میں میں نے کیا کہ
عام و خاص و اخص الخاص مستفیض ہوں اور چند نکات
نادرہ کہ جن کا اقتباس فیضان غوث الاعظم سے
میں نے کیا ہے اس رسالہ میں درج کر دیا گیا تا کہ
حسن عقیدت کا اس درگاہ علیہ کے اظہار کروں اس
امید پر کہ غوث اعظم اور آپ کے تابعان و
معتقدان کی روح پاک کو بخش دیں آمین ثم آمین
خدایا اگر نیک ہوں تو اس جماعت
میں لے لیں اور اگر بد ہوں تو ان کے
طفیل میں بخشش دے اور یہ آرزو ہے کہ
دنیا اور آخرت میں آپ کے کتوں کی قطار میں شامل ہوں
بیت شنیده ام که سگاں را قلاده می بندند*[1]
چرا بگردن حافظ نمی نهی رسنے * اگرچہ معانی اس
رسالہ شریف کے ہمارے فہم ناقص سے بعید ہیں مگر در گاہ
غوث الاعظم کے سے غلامی اور محبت کا تعلق مقتضی

[1] سنا ہے کہ کتوں کے گلے میں قلادہ باندھتے ہیں حافظ کے گلے میں کیوں نہیں رسی ڈالی گئی

القیامۃ ولافخرلی اے عزیز سعادت
آن سر است کہ قدم سعادت بران سر بودہ وسعادت
و شرف آن نبی ست کہ زیر سایہ چتر لوائے حضرت
محمدیؐ بودہ کہ الولد جزء لابیہ وھذا ولد
شریف عین لابیہ فی اتباع الاقوال
والافعال والاحوال اے عزیز ہمہ
پیغمبران را مرتبہ محبے بود و حضرت سلطان الانبیا
صلعم مرتبہ محبوبی داشت اکثر اولیاء
رتبہ غوثی و قطبی و محبی داشتہ اند و حضرت
ایشان را مرتبہ محبوبی بودہ بلا شک و
شبہ و اکثر جا درین رسالہ کہ فرمان حضرت
محبوب سبحانی است کنایہ بایں مرتبہ
محبوبی است اجمال بتصریح دریں خواہد پیوست
انشاء اللہ تعالیٰ از زبان قاصر ما چہ آید کہ
عہدہ وصفش بدر آید

القیامۃ ولافخرلی اے عزیز سعادت
ایک بھید ہے کہ قدم اُس پر قایم ہے اور یہ سعادت
اور شرف مسکوٰۃ نبوت (صلعم) سے اقتباس کیا گیا ہے
یعنی اس قدم نے جھنڈے حضرت محمدیؐ کے سایہ میں پرورش پائی ہے
چنانچہ مروی ہے کہ الولد جزء لابیہ[له] حالانکہ یہ فرزند
باشرافت اپنے باپ مکرم کے عین ہے تمام اقوال افعال
احوال میں۔ اے عزیز ہر لڑکا باپ کا جز ہوتا ہے اور یہ
پسر شریف باپ کا عین مظہر و نایب ہے رتبہ و شرف میں
اے عزیز تمام پیغمبران علیہم السلام مرتبہ محبی رکھتے ہیں اور حضرت
سلطان الانبیا علیہم السلام مرتبہ محبوبی اکثر اولیا غوث
قطب محب ہیں اور حضرت غوث الاعظمؓ محبوب۔ اکثر جگہ
اس رسالہ میں جناب غوث پاکؒ کے کلام سے اس مرتبہ کی
طرف اشارہ ہے اس وقت صراحتاً آپ کے محبوبیۃ کا تذکرہ
ملے گا زبان قاصر سے کیا ممکن کہ حضرت غوث
بزرگ کی توصیف کر سکے

قطعہ

چہ حد من بود مدحت بگویم
کہ عاجز گشت ہمہ مردان ثنائی

قطعہ

چہ حد من بود مدحت بگویم ٭ کہ عاجز گشت ہمہ مردان ثنائی
چہ وصف تو کند عاجز ہولے ٭ تو خود در مدح ماہر گر نبیائی

[له] بیٹا اپنے باپ کا جز ہوتا ہے

وعالم ارواح را عالم جبروت گویند آنچه وراے
این عالم است لاہوت گویند
لاہوت ذات وجبروت صفات وملکوت فعل دانند وناسوت
اثر آن فعل ست اے عزیز از ناسوت تا جبروت اقوال افعال است
کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشریعۃ
اقوالی والطریقۃ افعالی چون از جبروت در
گذشتی جملہ حال ست کہ الحقیقۃ احوالی
یعنی شریعت گفتار وطریقت کردار وحقیقت احوال من
است درمیان ناسوت وملکوت شریعت است یعنی عمل بر
گفتار من است و درمیان ملکوت وجبروت طریقت است
یعنی عمل بر کردار من است چنانچہ وجود انبیاء علیہم السلام
از گناہ پاک است وجود فرشتہ نیز پاک است لا یعصون اللہ
صفت ایشان ست یعنی درمیان جبروت ولاہوت
حقیقت است کہ حال من است الحال لا یعبر بالمقال
در اینجا گفتار است ونہ کردار است اے عزیز
تن تو بمنزلہ ناسوت است ودل تو بمنزلہ ملکوت
است وروح تو درمنزلہ جبروت است
وسر تو درمنزلہ لاہوت است

ملکوت فعل جانتے ہیں اور ناسوت اس کے افعال
کا اثر ہے اے عزیز ناسوت سے جبروت
تک اقوال وافعال ہیں چنانچہ حضور رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا الشریعۃ
اقوالی والطریقۃ افعالی والحقیقۃ احوالی
جب جبروت کے منزل کو طے کرلے گا سارا حال
ہی حال رہ جائے گا اس وجہ سے کہ الحقیقۃ احوالی
یعنی شریعت قول طریقت فعل حقیقت میرا حال درمیان
ناسوت وملکوت کے شریعت ہے یعنی عمل میری گفتار پر اور
درمیان ملکوت وجبروت کے طریقت ہے یعنی میری افعال پر عمل
درآمد ہے چنانچہ وجود پیغمبروں کا علیہم السلام گناہ سے پاک ہے اور
فرشتوں کا وجود بھی گناہ سے پاک ہے کہ لا یعصون اللہ ان کے توصیف ہے
الحاصل درمیان جبروت ولاہوت حقیقت
جلوہ گر ہے کہ جو میرا حال ہے (صلی اللہ علیہ وسلم)
جس کو قیل وقال سے حل نہیں کر سکتے کیونکہ وہاں
نہ گفتار نہ کردار اے عزیز جسم خاکی تیرا مثل ناسوت
ہے اور دل بمنزلہ ملکوت اور روح بمنزلہ جبروت
اور سر بمنزلہ لاہوت

ل اس حدیث کا ذکر صحاح میں نہیں ہے درایۃً صحیح ہے

پاک سازم و دل تاریک را بیاد و محبت ایشان صفا دہم و باللہ التوفیق و العون توقع از کمال کرم و لطف بزرگان آن داریم کہ جملہ سہو و خطا بپوشند و در صفت عبارت نکوشند بیت

کار دین صنعت و عبارت نیست ٭
جز خرابی در و اشارت نیست ٭

غرض ازیں طایفہ حصول معانی است نہ حسن عبارت آغاز رسالہ حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ العزیز کلام قدس قال اللہ عزوجل یا غوث الاعظم قلت لبیک یا رب العزۃ قال کل طور بین الناسوت والملکوت فھی شریعۃ و کل طور بین الملکوت والجبروت فھی طریقۃ و کل طور بین الجبروت واللاھوت فھی حقیقۃ یعنی ہر طور کہ درمیان ناسوت و ملکوت است پس آن شریعۃ است و ہر طور کہ درمیان ملکوت و جبروت است آن طریقۃ است و ہر طور کہ درمیان جبروت ولاہوت است آن حقیقۃ است۔ اے عزیز عالم ظاہر را عالم ملک و ناسوت خوانند و عالم فرشتہ را عالم ملکوت نامند

ہے کہ آپ کے پاک نام سے اپنی زبان کو پاک کریں اور اور تاریک دل کو آپ کے یاد اور محبت سے صاف کریں اور ہمیں اس معاملہ میں خدا تعالیٰ کی توفیق و اعانت دستگیر ہے توقع لطف و کرم بزرگوں سے یہ ہے کہ خطا و سہو سے پردہ پوشی فرمائیں اور معانی کو ملاحظہ فرمائیں اور الفاظ کے درپے نہ ہوں بیت کار دین صنعت و عبارت نیست ٭

جز خرابی درو اشارت نیست ٭

غرض اس قوم کے حصول معانی ہے نہ حسن عبارت اب رسالہ حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ العزیز کا آغاز ہے اللہ تعالیٰ نے الہام فرمایا اے غوث الاعظم میں نے کہا حاضر ہوں (غوث پاک) اے رب العزت ارشاد ہوا ہر طور کہ عالم ناسوت اور ملکوت کے درمیان ہے پس وہ شریعت ہے اور جو طور درمیان ملکوت و جبروت کے ہے طریقت ہے اور جو طور درمیان جبروت لاہوت کے ہے حقیقت ہے

اے عزیز عالم ظاہر کو عالم ملک و ناسوت اور عالم فرشتہ کو عالم ملکوت اور عالم ارواح کو عالم جبروت کہتے ہیں اور جو کچھ ان عالموں کے سوا ہے لاہوت ہے لاہوت ذات اور جبروت صفات

اے عزیز پیش از ظہور خلق باطن حق بود و بعد از
ظہور حق باطن خلق فہم من فہم نکتہ
اے عزیز این خطاب محب
بہ محبوب است کہ این جملہ اطوار در تو است
یعنی شریعت قول تست و طریقت فعل تست و
و حال حقیقت تست چنانچہ در انبیا انسان اکمل
حضرت سلطان الانبیاؐ بود و در اولیا ذات پاک
حضرت ایشاں است و لہ المثل الاعلی
فی السموات والارض ہمیں معنی وارد
یعنی او را امثال اعلی است در اہل السموات
والارض قال یا غوث الاعظم ما ظہرت
فی شیء کظہوری فی الانسان یعنی نیست ظہور
من در چیزے ہمچوں ظہور من در انسان یعنی انسان
ظہور تام است کہ موصوف بصفات سبعہ ذات است
کہ انسان سمیع و علیم و کلیم و حی و قایم و دایم است
بلکہ موصوف بجملہ صفات است چنانچہ در خبر است
از حضرت سلطان الانبیا والاولیا صلی اللہ علیہ وسلم
کہ ہر کہ موصوف شود بیکے از صفات تو دو نہ نام
او بہشتی بود چنانچہ حضرت امیر المومنین صدیق اکبر

نام و نشان نہ تھا اے عزیز مخلوقات پہلے باطن حق میں موجود
تھی اور جب مخلوقات ظاہر ہوئے خلق حق کا بطون ہوا
جو سمجھا وہ سمجھا نکتہ اے عزیز یہ خطاب محب کا محبوب
کو ہے کہ تمام اطوار تجھ میں ہیں یعنی شریعت
تیری گفتار ہے اور طریقت تیرا فعل ہے اور حال
تیری حقیقت ہے چنانچہ انبیا میں انسان اکمل
حضرت سلطان الانبیا (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں
اور اولیا میں ذات پاک (حضرت غوث الاعظم) ہیں
ولہ المثل الاعلی فی السموات والارض کے یہی
معنی ہیں فرمایا خدائے تعالی نے اے غوث الاعظم
جتنا ظہور میرا انسان میں ہے کسی چیز میں
نہیں ہے یعنی انسان میرا ظہور تام ہے کہ
میرے ساتوں صفات کے ساتھ موصوف
ہے انسان سمیع بصیر علیم اور کلیم
حی قایم دایم ہے بلکہ جملہ صفات کا
مظہر ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہے حضرت
سلطان الانبیا والاولیا صلی اللہ علیہ وسلم
نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی موصوف ہوگا ۹۹ ننانوے نام کے
ساتھ بہشتی ہوگا چنانچہ حضرت امیر المومنین صدیق اکبر

چون از ناسوت درگذشتی بملکوت رسیدی
و چون خود را از جبروت رهانیدی به لاهوت رسانیدی
اے عزیز ذکر زبان ذکر ناسوتی و ذکر دل
ذکر ملکوتی و ذکر روح جبروتی و ذکر سر
ذکر لاهوتی ذکر زبان لا اله الا الله و ذکر
دل الله الله و ذکر روح هو و
ذکر سر انا ازین مرتبه پیشتر نه عبارت نه اشارت
اے عزیز لاهوت محیط است بر جبروت و جبروت
بر ملکوت و ملکوت بر ناسوت والله بکل شیء
محیط یعنی لاهوت معنی است و جبروت صورت است
و جبروت معنی است و ملکوت صورت است و ملکوت
معنی است و ناسوت صورت یعنی هر اراده که در لاهوت
پیدا آید در جبروت رخ نماید و در ملکوت و ناسوت
ظاهر و مشهور گردد لا تتحرک ذرة الا باذن الله
اشارت باوست اے عزیز لاهوت مثل
تخم است و جبروت و ملکوت و ناسوت مثل
شاخ و برگ و گل است اے عزیز
پیش از ظهور تمام درخت در تخم بود اما نه رسم پیدا بود و
نه اسم و بعد از ظهور تخم در درخت نه نام تخم است و نه نشان

جب ناسوت کو طے کرے گا تو عالم ملکوت میں
پہنچے گا اور جب ملکوت طے کرے گا تب جبروت کا عالم
نظر آوے گا اور جب عالم جبروت سے گذر جائے گا تو
مقام لاہوت میسر ہوگا اے عزیز زبان کا ذکر ناسوتی ہے
اور دل کا ذکر ملکوتی ہے اور روح کا ذکر جبروتی سر کا ذکر لاہوتی
ذکر زبان لا اله الا الله و ذکر دل الله الله و ذکر روح ھو
اور ذکر سر انا اس مرتبہ سے زیادہ نہ مجال اشارہ ہے اور نہ عبارت
اے عزیز لاہوت جبروت پر محیط ہے اور جبروت ملکوت
پر اور ملکوت ناسوت پر والله بکل شیء محیط
یعنی لاہوت مثل معنی ہے اور جبروت صورت ۔
جبروت معنی ہے اور ملکوت صورت اور ملکوت معنی
ہے اور ناسوت صورت الحاصل جو ارادہ کہ لاہوت
میں پیدا ہوتا ہے جبروت میں رونما ہوتا اور ملکوت ناسوت
میں ظاہر اور مشہور ہوتا ہے چنانچہ لا تتحرک ذرۃ الا
باذن الله اس کی طرف اشارہ ہے اے عزیز لاہوت
کی مثال تخم ہے اور جبروت اور ملکوت اور ناسوت
مثل شاخ اور پتوں اور پھول کے ہے اے عزیز
ظہور سے پہلے تمام درخت تخم میں تھا مگر تخم میں اس کا نشان
اور نام نہ تھا ۔ اور جب تخم کا درخت بن گیا تو تخم کا

قسم یشبهون الانبیا که همت ایشان جز بشوق
وذوق و ذکر و محبت و فکر و مودت حضرت نباشد
ودایم در بحر مراقبه و مکاشفه و شهود مستغرق
بود و بصفات خود فانی و بصفات حضرت
حق باقی است اے عزیز دریاب اگرچه راز
با محبوب کرد که تو مظهر مائی و انسان اکملی و
در تو بذات و صفات ظاهرم و تو منی و من توام درین
حالت اگر تو خود را جوئی مرا یابی و اگر مرا جوئی خود
را بیابی بیت تو من شدی من تو شدم
تو جان شدی من تن شدم تا کس
نگوید بعد ازین تو دیگری من دیگرم
ششم سالت یا رب هل لک مکان
قال یا غوث الاعظم انا مکون المکان لیس
لی مکان معنی چنین باشد پیشتر سوال کردم
اے پروردگار هست ترا مکان پس گفت مرا پروردگار
من کون مکانم و نیست مرا مکان اے
عزیز اکنون دریاب اگر حضرت عزت را مکان
بودے پس حد لازم آمدے مر ذات حق سبحانه را
وذات حضرت حق سبحانه نامحدود و نامتناهی است و معلوم شد که

قسم یشبهون الانبیا انبیاء علیہم السلام کے بہت
شوق و ذوق ذکر محبت مودت فکر مراقبہ حق
سبحانہ وتعالی میں مصروف رہتی ہیں اور ہمیشہ مراقبہ مکاشفہ
وشہود کے دریا میں غوطہ زن رہتے ہیں اپنی صفات سے
فانی ہیں اور صفات حضرت سبحانہ وتعالی کے ساتھ باقی ہیں
اے عزیز دریافت کر کہ محب نے محبوب کے ساتھ کیا راز و
نیاز کیا یعنی تو میرا مظہر ہے اور انسان اکمل ہے اور تجھ میں
بذات وصفات کے ساتھ ظاہر ہوں اور تو میں ہوں اور میں
تو اس حالت میں اگر تو آپ کو تلاش کرے گا تو مجھ پائے گا
اور اگر مجھے تلاش کریگا تو آپ کو پائیگا بیت تو من شدی من
تو شدم تو جان شدی من تن شدم تا کس نگوید بعد ازین
تو دیگری من دیگرم ششم سالت یا رب هل لک مکان
قال یا غوث الاعظم انا مکون المکان لیس
لی مکان یہی معنی ہیں یعنی پھر سوال کیا میں نے کہ
اے پروردگار تیرا کوئی مکان ہے ارشاد فرمایا حق سبحانہ
وتعالی نے میں مکانوں کا بنانیوالا ہوں میں مکان سے
پاک ہوں اے عزیز معلوم کر کہ اگر حضرت عزت کے لئے
مکان ہوتا تو ذات حق سبحانہ وتعالی کے لئے حد ہو جاتی
اور ذات حق سبحانہ بے حد اور لا انتہا ہے اور مکان

رضی اللہ عنہ عرض نمود کہ ھل فی یا رسول اللہ فرمان شد کلہا فیک پس ازیں معلوم شد کہ انسان بجملہ صفات موصوف است بزرگے خوش فرمودہ۔ بیت۔ آں بادشاہ عالم دربستہ محکم۔ پوشیدہ دلق آدم ناگاہ بر در آمد۔ حضرت خواجہ ابوحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ می فرماید کہ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ چوں خواست کہ صفت خود ظاہر کند عالم را آفرید چوں خواست کہ خود را ظاہر کند آدم علیہ السلام را در ظہور آورد۔ بیت۔ معنی آدم جمال دوست دان ہرچہ غیر آدم است آں پوست داں۔ اے عزیز ندانی کہ انسان نہ نام وصورت است بلکہ نام معنی انسان است بعض انسان ناقص اند کہ صفت حیوانی دارند وبعض کامل اند کہ صفت ملکی دارند وبعضے اکمل اند کہ صفت رحمانی دارند کہ الناس علی ثلثۃ اقسام قسم یشبہون البہائم اولئک کالانعام بل ہم اضل سبیلا ہمت ایشاں جز بر اکل وشرب نبود وقسم یشبہون الملائکۃ ہمت ایشاں جز بر طاعت وعبادت نہ باشد۔

رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا ہے مجھ میں۔ حکم دیا کہ سب تیرے اندر ہے پس معلوم ہوا کہ انسان میں سب صفات موجود ہیں ایک بزرگ نے خوب فرمایا ہے۔ بیت آں بادشا عالم دربستہ محکم پوشیدہ دلق آدم ناگاہ بر در آمد۔ حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے جب چاہا کہ اپنی صفات ظاہر فرمائے تو عالم کو پیدا کیا اور جب چاہا کہ آپ کو ظاہر کرے تو آدم علیہ السلام کو عالم ظہور میں لایا بیت معنی آدم جمال دوست دان۔ ہرچہ غیر آدم است آں پوست داں۔ اے عزیز معلوم کر کہ انسان نام وصورت کو نہیں کہتے بلکہ انسان معنی کا نام ہے بعضے انسان ناقص ہیں کہ حیوانی صفات رکھتے ہیں اور بعض کامل کہ فرشتہ خو ہیں اور بعض اکمل کہ رحمانی صفات کے مظہر ہیں چنانچہ الناس[1] علی ثلثۃ اقسام قسم یشبہون البہائم اولئک کالانعام بل ہم اضل سبیلا ان کے پرواز کھانے پینے تک ختم ہے۔ قسم یشبہون الملائکۃ ان کے ہمت عبادت واطاعت پر ختم ہے۔ و

[1] انسان تین طرح کے ہیں ایک مثل بہائم۔ یہ چوپایہ سے بدتر ہیں اور مثل فرشتہ کے ہیں اور ایک قسم مثل انبیاء کے ہے

يطعمني ويسقيني اے عزيز عالم خلق
شرب واكل انبياء عليهم السلام واولياء عليهم
الرحمة راہمچوں خوراک وشراب تو می دانند
وقال وحال رابزبان می رانند مالهذ الرسول
يأكل الطعام ويمشي في الاسواق
ایں نمی دانند کہ وجود ایشان نور بود وازاوصاف
بشری دور بودند وہر چہ بر دست و تن
ایشاں ظہور می رسید نور می گشت اے
عزیز درباب در عالم محبت خوردن وآشامیدن
محبوب عین خوردن وآشامیدن خود باشد
بلکہ خوردن وآشامیدن محبوب محبوب ومرغوب
تر بود از خوردن وآشامیدن خود اے عزیز ایں
خطاب محب باحضرت محبوب خود است کہ اے غوث
بزرگ خوردن وآشامیدن تو عین خوردن وآشامیدن
من است فہم من فہم ثم سالت یارب من ای
شيء خلقت الملائكة قال خلقت
الملائكة من نور الانسان وخلقت
الانسان من نوری پس سوال کردم اے

وھو يطعمني ويسقيني اے عزیز تمام لوگ
اکل وشرب انبیاء علیہم السلام واولیا علیہم الرحمہ
کو اپنے اکل وشرب سے مشابہ سمجھتے ہیں اور قال
اور حال زبانی رکھتے ہیں ان لوگوں کا حال خدا تعالیٰ نے
یوں بیان فرمایا ہے[1] مالهذ الرسول يأكل الطعام
ويمشي في الاسواق یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ انبیاء
واولیا علیہم السلام نور ہیں اور اوصاف بشری سے دور
اور جو کچھ ان پر ظہور کرتا ہے نور ہو جاتا ہے اے عزیز معلوم
کر کہ عالم محبت میں پینا اور کھانا محبوب کا عین محب
کا کھانا اور پینا ہے بلکہ محبوب کا کھانا پینا اپنے
کھانے پینے سے زیادہ مرغوب ومحبوب ہو جاتا
ہے اے عزیز یہ خطاب محب کا
محبوب سبحانی سے ہے کہ اے غوث بزرگ کھانا
اور پینا تیرا عین کھانا پینا میرا ہے۔ جو
سمجھا وہ سمجھا۔ پھر میں نے سوال کیا اے
رب کس شے سے پیدا کیا فرشتوں کو فرمایا
پیدا کیا میں نے فرشتوں کو انسان کے نور سے اور
انسان کو پیدا کیا اپنے نور سے اور فرمان حضرت سلطان

[1] کیا بات ہے یہ کہ جو رسول کھانا کھاتے ہیں اور بازاروں میں پھرتے ہیں ؟

مکان قدیم است پس ہر دو کفر است ثم سالت
یارب ھل لک اکل وشرب قال
یا غوث الاعظم اکل الفقیر اکلی
وشربہ شربی پستر سوال کردم اے
پروردگار من ہست ترا خوردن و آشامیدن گفت
اے غوث الاعظم خوردنِ فقیر خوردنِ من است و
آشامیدنِ فقیر آشامیدنِ من است اے عزیز ایں
اضافۃ تشریف فقر است چنانچہ ناقۃ اللہ و بیت اللہ
یعنی شتر صالح علیہ السلام را و خانہ کعبہ
را گفتند شتر خدا است و خانہ حضرت خدا
عزوجل است اذا تم الفقر فھو
اللہ واذا تم الفقر یکون علیشہ کعیش اللہ
اللہ یعنی فقیر حقیقی آنرا گویند کہ بصفات
اللہ موصوف بود و از صفات بشری پاک بود و
ایں خطاب بر وروا بود و اضافۃ اکل
الفقیر اکلی سزاوار بود اے عزیز
ایں آں اکل وشرب است کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم اشارہ بدو
فرمودہ ابیت عند ربی ھو

بھی قدیم ہوتا اور خدائے تعالیٰ کی حد مقرر کرنا اور مکان
کو قدیم کہنا دونوں باتیں کفر ہیں ثم سالت یارب ھل
لک اکل وشرب قال یا غوث الاعظم
اکل الفقیر اکلی وشربہ شربی پھر میں نے سوال کیا
اے پروردگار میرے تو کھاتا پیتا ہے ارشاد فرمایا
اے غوث الاعظم فقیر کا کھانا گویا میرا کھانا ہے اور
اور اس کا پینا گویا میرا پینا ہے اے عزیز یہ اضافت
کھانے اور پینے کی جو خدا تعالیٰ نے اپنی طرف کی وہ محض
فقر کے عزت اور بزرگی ظاہر کرنے کو کی ہے ورنہ خدا تعالیٰ
ان سب باتوں سے پاک ہے چنانچہ ناقۃ اللہ و بیت اللہ
میں اضافۃ تشریفی استعمال کی جاتی ہے یعنی صالح
علیہ السلام کے اونٹنی کو اور خانہ کعبہ کو خدا کی اونٹنی
اور خدا کا گھر کہتے ہیں اذا تم الفقر فھو اللہ و
اذا تم الفقر یکون علیشہ کعیش اللہ یعنی
فقیر حقیقی وہ ہے کہ صفات الٰہی سے موصوف ہو اور
صفات بشری سے پاک اور یہ خطاب اسی شخص کو زیبا ہے
اضافۃ اکل الفقیر اکلی کے اسی شخص کے لئے سزاوار ہے
اے عزیز یہ وہ کھانا اور پینا ہے جس کی طرف آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا ہے کہ ابیت عند ربی

اشارہ باوست یعنی ہمہ موجودات از تو پیدا
آمدند تا تو در ظہور نمی آمدے ہیچ چیز ظاہر نمی شدے
پس خدا کہ میگفتے و برکہ خدائے من ظاہر شدے
اے عزیز چوں نور احد متنزل فرمود احمد شد انا احمد
بلا میم ہمیں معنی دارد اشارت بر حقیقت خود
نمود پس انسان اکمل حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کہ جملہ موجودات از فرشتہ وغیرہ از وے پیدا و
ظاہر و باہر گشتہ چنانچہ بزرگان تفسیر نور محمدی کردہ
اند و جملہ موجودات را از نور او بیان فرمودہ اند
نکتہ اے عزیز ایں اشارت بمحبوب
است کہ ظاہر و باطن نور محمدی است و انسان
اکمل است فافہم واغتنم وقال یا
غوث الاعظم جعلت الانسان
مطیعی وسائر الاکوان مطیعہ یعنی
اے غوث بزرگ گردانیدم انسان را فرمان
بردار خود و گردانیدم باقی اشیا را فرمانبردار انسان
یعنی محکوم و مامور من است و جملہ جہان
محکوم و مامور انسان است و انسان
امیر است و باقی اکوان اسیر و انسان حاکم است

الربوبیۃ اس ذات کی طرف اشارہ ہے پس اگر تو نہ ہوتا
تو خدا کون کہتا اور کس پر خدائی کا حکم جاری
ہوتا اے عزیز جب نور خدا نے نزول
فرمایا احمد ہوا چنانچہ انا احمد
بلا میم کے یہی معنی ہیں پس انسان اکمل
حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے ذات سے تمام موجودات فرشتہ وغیرہ آپ سے
ظاہر اور ہویدا ہوئی جیساکہ بزرگوں نے نور محمدی
کی تفسیر کی ہے اور تمام موجودات کو آپ کے نور سے پیدا
ہونا بیان فرمایا ہے **نکتہ** اے عزیز یہ اشارہ
محبوب کے طرف کیا گیا کہ ظاہر و باطن میں نور محمدی
جلوہ گر ہے اور نور محمدی انسان اکمل ہے اس بات کے
سمجھنے کو غنیمت جانو وقال یا غوث الاعظم جعلت
الانسان مطیعی وسائر الاکوان مطیعہ
یعنی اے غوث بزرگ انسان کو اپنے فرمان
برداری کے لئے بنایا ہوں و باقی اشیاء انسان کے
فرمانبرداری کے لئے یعنی انسان میرا محکوم ہے اور
اور تمام جہان انسان کا ماتحت ہے انسان امیر
ہے اور باقی موجودات اسیر ہے انسان حاکم ہے

پروردگار من از کدام چیز آفریدی فرشتگان را فرمان شد کہ آفریدم فرشتگان را از نور انسان و انسان از نور ذات خود و فرمان حضرت سلطان الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نیز دال برین معنی است کہ اول ما خلق اللہ نوری و روحی و عقلی و انا من نور اللہ والمومنون من نوری و انا من اللہ والمومنون منی و در بعض جا والخلق منی نیز وارد است اے عزیز قطرہ کہ از بحر محیط سر زد نور محمدی بودہ صلی اللہ علیہ وسلم و اول چیز یکہ از بطون بظہور آمد روح پر فتوح نبوی بود صلی اللہ علیہ وسلم و این نور روح مصدر موجودات است لولاک لما خلقت الافلاک کنایہ آن نور بودہ است کہ خلقت موجودات از نور اوست اگر نور او نبودے ہیچ موجود نہ شدے کہ لولاک لما خلقت الکونین یعنی ہرچہ موجود است از نور وجود تست بلکہ ظہور خدائے من از ظہور ذات تست کہ لولاک لما اظہرت الربوبیۃ

سلطان الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی اسی معنی پر دال ہے کہ سب میں اول مرتبہ اللہ تعالیٰ نے میری نور اور روح اور عقل کو پیدا کیا اور میں اللہ کے نور سے ہوں اور سارے مومنین میرے نور سے ہیں میں اللہ تعالیٰ سے ہوں اور مومنین مجھ سے اور بعض روایت میں ہے کہ مخلوق تمام مجھ سے ہے اے عزیز جس قطرہ نے اول مرتبہ بحر محیط سے سر نکالا ہے وہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور اول شے کہ جو بطون سے عالم ظہور میں آئے وہ روح پر فتوح نبوی تھی صلی اللہ علیہ وسلم اس روح کا نور تمام کائنات کا مصدر ہے کہ لولاک لما خلقت الافلاک[1] اس نور کی طرف اشارہ ہے تمام مخلوقات اس نور سے پیدا ہوئی اگر وہ نور نہ ہوتا کچھ موجود نہ ہوتا لولاک لما خلقت الکونین[2] یعنی جو کچھ موجود ہے وہ سب تیرے نور سے پیدا ہے بلکہ ظہور میرے خالق کا تیرے ذات کے ظہور سے ہوا کہ لولاک لما اظہرت[3]

سلہ[1] اگر نہ ہوتے آپ (رسول ع) تو آسمانوں کو پیدا نہ کرتا ۱۲ سلہ[2] اگر نہ ہوتے آپ تو پیدا نہ کرتا میں دونوں جہان کو ۱۲

سلہ[3] اگر نہ ہوتے آپ تو نہ ظاہر کرتا میں ربوبیت کو ۱۲

وجہ مخالف نیست ہمچنان انسان است کہ بہمہ وجوہ
مطیع و فرمان بردار حق است و جملہ اشیا مطیع و فرمانبردار
انسان است اے عزیز اکنون در باب کہ این راز
و خطاب حضرت محب با حضرت محبوب است کہ تو
انسان اکملی کہ قیام و قعود و حرکت و سکون تو من
است کہ ہیچ وجہ مخالف نیست نہ در گفتار نہ در کردار و نہ
در احوال یعنی فرمودہ تو عین فرمودہ من است
و کردہ تو کردہ من است و جملہ جہان اکوان فرمانبردار
تو اے عزیز جہان کہ بندہ از بندگان تست
از آن خدائی من آمد کہ من خدا توام قال
یا غوث الاعظم نعم الطالب انا
ونعم المطلوب الانسان ونعم الراکب
الانسان ونعم المرکوب سائر الاکوان
یعنی اے غوث بزرگ محبوب من نیکو طالب
من ہستم و نیکو مطلوب انسان است و نیکو سوار
انسان است و نیکو مرکوب مر انسان را جمیع اکوان
اے عزیز چہ راز و چہ ساز با انسان وچہ فرمان
در میان می نہد کہ نیکو طالب منم و نیکو مطلوب انسان
اے عزیز چون مجنون عاشق لیلی شد

طرح انسان بہمہ وجوہ حضرت حق سبحانہ وتعالی
کا فرمان بردار ہے اور جملہ اشیاء انسان کے
مطیع ہیں اے عزیز تجکو معلوم ہو کہ یہ راز و خطاب
حضرت محب کا حضرت محبوب سے ہے کہ تو
انسان اکمل ہے کہ قیام و قعود اور حرکت و سکون تیرا
مجھ سے ہے اور تو ہر طرح مطیع ہے گفتار کردار احوال
میں یعنی تیرا حکم میرا حکم ہے اور تیرا کیا ہوا گو یا
میرا کیا ہوا اور تمام جہان تیرے فرمان برداری
کے لئے ہے اے عزیز جہان تیرے فرمانبرداروں میں
سے ہے اور تیرے فرمانبرداروں سے میری خدائی ظاہر ہوئی
اور میں تیرا خدا ہوں قال یا غوث الاعظم نعم
الطالب انا ونعم المطلوب الانسان ونعم
الراکب الانسان ونعم المرکوب سائر
الاکوان اے غوث بزرگ والے محبوب میرے اچھا
طالب میں ہوں اور اچھا مطلوب انسان اچھا سوار
انسان ہے اور اچھا مرکوب انسان کے لئے تمام اشیاء
عالم اے عزیز کیا راز اور کیا ساز انسان کے حق میں
اللہ تعالی نے روا رکھا کہ اچھا طالب میں ہوں اور
اچھا مطلوب انسان ہے اے عزیز جیسے مجنون لیلی کا عاشق بنا

وباقی دیگراں محکوم که لسان الامیر لسان الله[1]
والانسان ظل الله فی الارض وخلیفه
حضرت حق است کہ انی جاعل فی
الارض خلیفه شیخ فرید الدین عطار
می فرماید ابیات نه مسجود ملائک بود آدم
که نور پاک در وے بود مدغم * اگر این نکته دانستے
عزازیل * ہزاراں سجده آوردے دمادم * اے عزیز
در عالم کبری حضرت حق سبحانه وتعالی ہمچوں شخصے
است والنسان ہمچوں سایه و در عالم صغری انسان
ہمچوں شخصے است وباقی اشیاء ہمچوں سایه وسایه را جنبش
وسکون وقیام وقعود بخود نیست بے شخص ہمچنان
انسان را حرکت وسکون وقیام وقعود
جز بحضرت حق سبحانه وتعالی نیست
هو الحی القیوم لایتحرک شیء الا[2]
باذن الله ہمین معنی وارد بیت چونکه دانستی
که ظل کیستی * فارغے گر مرده ور زیستی * اے عزیز
فرمان بردار او را گویند که ہیچ چیز مخالف نبود چنانچه
سایه که ہمه وجود مطیع وفرماں بردار است وہیچ

اور باقی چیزیں محکوم چنانچہ لسان الامیر لسان
الله والانسان ظل الله فی الارض وخلیفہ
حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کا ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ نے
ارشاد فرمایا انی جاعل فی الارض خلیفہ شیخ
فرید الدین عطار فرماتے ہیں ابیات نہ مسجود ملائک بود
آدم * کہ نور پاک در وے بود مدغم * اگر این نکتہ دانستے
عزازیل * ہزاراں سجدہ آوردے دمادم * اے عزیز
عالم کبریٰ میں حق سبحانہ وتعالیٰ کے مثال شخص کے
سی ہے اور انسان مثل سایہ اور عالم صغریٰ میں
انسان مثل شخص ہے اور باقی اشیاء مثل سایہ سایہ
کا حرکت وسکون نشست وبرخاست وغیرہ سایہ
کی طرف سے نہیں ہے بلکہ شخص کے طرف ہیں اسی
طرح انسان کا حرکت وسکون اور قیام وقعود حضرت حق سبحانہ
وتعالیٰ سے قائم ہے هو الحی القیوم لایتحرک شیء الا[2]
باذن الله کے یہی معنی ہیں بیت چونکہ دانستی کہ
ظل کیستی * فارغے گر مرده ور زیستی * اے
عزیز فرمانبردار اس کو کہتے ہیں کہ کسی بات میں مخالف نہو
جس طرح سایہ اپنے شخص کا ہمہ وجود مطیع ہے اسی

[1] امیر کی زبان اللہ کی زبان ہے اور انسان اللہ کا سایہ ہے زمین پر۔ [2] اللہ حی اور قیوم ہے اور کوئی شیٔ بلا حکم اللہ تعالیٰ کے حرکت نہیں کر سکتی

یاغوث الاعظم الانسان سری وانا سرہ
لو عرف الانسان منزلتہ عندی لیقول
فی کل نفس من الانفاس انا ملک الملوک لا
ملک الا لی یعنی غوث بزرگ انسان سر من
است و من سر اویم اگر شناختے انسان
منزلت خویشتن را کہ نزدیک من است
ہر آئینہ می گوید در ہر دمی کہ من مالکم و مرا است
بادشاہی و نیست ملک جز مرا یعنی انسان ہم سر
من است و ہمراز من و ہمدم من است و دمساز من است
اے عزیز چہ نکتہ بدیع است اکنون دریاب کہ
با محبوب چہ راز در میان می نہد کہ اے محبوب پیش از
ظہور تو سر من بودی و بعد از ظہور من سر توام
یعنی در ازل تو باطن من بودی اکنون در آیم من باطن
توام چہ سخن بلند است یعنی تو منی و من توام این
منی و توئی جز اعتبارے بیش نیست و ہم دوئی
و خودی ہیچ نیست یعنی عارفے کہ بدین مقام
رسد و این معرفت حاصل کند پس ہر دمے
بگوید کہ مراست ملک و این مقام حاصل نہ شود
و این مراتب رو نہ نماید مگر باتباع محبوب کہ این سر

یاغوث الاعظم الانسان سری وانا سرہ
لو عرف الانسان منزلتہ عندی لیقول
فی کل نفس من الانفاس انا ملک الملوک
لا ملک الا لی یعنی فرمایا کہ اے غوث بزرگ
انسان میرا بھید ہے اور میں انسان کا بھید ہوں
اگر انسان اپنے مرتبہ کو پہچانے جو میں نے بخشا ہے
البتہ ہر وقت اپنے کو مالک اور بادشاہ کہے حالانکہ
میں ہی مالک ہوں اور انسان مرا بھید اور ہمراز
اور ہمدم ہے اے عزیز ایک نکتہ
عجیب دریافت کر کہ محبوب سے کیا راز بیان
فرمایا۔ اے محبوب تیرے ظہور سے پہلے تو
میرا بھید تھا اور ظہور کائنات کے بعد میں تیرا بھید
ہوں یعنی ازل میں میں ظاہر اور تو باطن تھا اور
اب تو ظاہر ہے اور میں باطن ہوں یہ نکتہ نادر فہم عوام
سے بالاتر ہے کہ تو میں ہوں اور میں تو اور یہ میں اور تو
اعتباری ہے اور دوئی اور خودی ہیچ ہے یعنی جو
عارف اس مقام پر پہنچتا ہے اور اس معرفت سے
واقف ہوتا ہے پس ہر وقت یہ نعرہ بلند کرتا ہے کہ ملک
میرا ہے اور یہ مقام اور مراتب بلا اتباع محبوب ناممکن ہیں کہ یہ

همه غلام وغیره معشوق وسے گشت بلکہ سگ وغیره محبوب
وسے شد اے عزیز دریاب چون حضرت
حق سبحانه وتعالی بر صورت محمدی و بر نور
احمدی عاشق شد این فرمان درمیان نهاد
که یحبهم ویحبونه بر تابعان ایشان
نیز فرموده قل ان کنتم تحبون الله
فاتبعونی یحببکم الله اے عزیز این خطاب
با محبوب خود است که نیکو مطلوب توئی که
انسان اکملی ونیکو طالب منم که حضرت حقم و
نیکو مطلوب تو اند بطفیل تو که خیل محبوب
محبوب اند رباعی عاشقان هرچند مشتاق
جمال دلبر اند دلبران بر عاشقان از عاشقان عاشق
تر اند عشق می ناز د بحسن وحسن می ناز د بعشق
آرے آرے این بمعنی عاشق یکدیگر اند و اما
سبقت از طرف اصل است اگر بحقیقت نظر
کنی خود طالب وخود مطلوب وخود عاشق
وخود معشوق بیت عاشق حسن خود است
آن بے نظیر حسن خود را خود تماشه می کند قال

تو تمام لیلی کے غلام وغیرہ مجنون کے معشوق ہوئے
حتی کہ کتا بھی مجنون کی آنکھوں میں محبوب ہوگیا اے عزیز
تجھکو جاننا چاہیئے کہ جب حق سبحانہ وتعالی نے صورت
محمدی ونور احمدی کو اپنا محبوب بنالیا تو آپ کے طفیل
میں تمام تابعداروں کو محبوب کرلیا چنانچہ حق تعالی نے
ارشاد فرمایا یحبهم ویحبونه[1] اور تابعداروں کے
حق میں ارشاد ہوا قل ان کنتم تحبون الله اے عزیز یہ
خطاب محبوب سے ہوا کہ اچھا مطلوب تو ہے تو ہی انسان
اکمل ہے اور اچھا طالب میں ہوں کہ میں حق ہوں
سبحانہ وتعالی اور اچھا مطلوب تیرے طفیل میں تمام
تیرا لشکر محبوب ہے رباعی عاشقان ہرچند مشتاق
جمال دلبر اند دلبران بر عاشقان از عاشقان عاشق
تر اند عشق می نازد بحسن وحسن می نازد بعشق
آرے آرے این بمعنی عاشق یکدیگر اند لیکن
پیشقدمی اصل کے طرف سے ہے اگر حقیقت
میں غور کرے تو خود طالب اور خود مطلوب و خود عاشق
وخود معشوق بیت عاشق حسن خود است
آن بے نظیر حسن خود را خود تماشہ میکند قال

[1] اللہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اللہ تعالی سے محبت کرتے ہیں ۱۲

وبی یبصر وبی ینطق وبی یبطش فهم من
فهم چوں مجنوں در محبت لیلیٰ محو شد خود را جمله
لیلیٰ یافت وگفت انا لیلیٰ ولیلیٰ انا چوں محبت مجازی
ایں کیمیاگری کند محبت حقیقی چه تاثیرہا دارد وقال
یاغوث الاعظم جسم الانسان و
نفسه وروحه وسمعه وبصره ولسانه
ویده ورجله وکل ذالك اظهرته
نفسا لنفس لا هو انا ولا انا غیره
اے غوث بزرگ تن از انسان ونفس از انسان
وروح از انسان وشنیدن آں ودیدن وزبان
آں ودست آں وپائے آں وہمه انسان ظاہر
کردم آں را از روئے ذات بذات نه انسان منم
ونه من غیر آں انسانم اے عزیز یعنی انسان ظهور
تام ماست من بذات وصفات واسماء وافعال دروے
ظاہرم من مظہرام والانسان مظہر است یعنی انسان نه
عین من ست نه غیر من دانی چه نکته ایست یعنی اسماء کون
را اسماء الٰہی نتواں نام نهاد ونه اسماء الٰہی بر کونے یعنی مطلق
را مقید نتواں گفت ونه مقید را مطلق اگرچه مقید از روئے
حقیقت مطلق است

وبی یبصر وبی ینطق وبی یبطش فهم من
فهم جب مجنوں نے محبت لیلیٰ میں فنا حاصل کرلی
خود کو لیلیٰ پایا اور کہنے لگا میں لیلیٰ ہوں اور لیلیٰ
میں محبت مجازی یہ کیمیاگری کرسکتی ہے تو محبت
حقیقی کے تاثیرات کیا ہوں گے اے غوث بزرگ
جسم انسان نفس سمع بصر زبان ہاتھ
پیر سننا دیکھنا اور بعد اس کے اور سب
میں نے ظاہر کیا انسان میں نہ میں انسان
کا عین ہوں اور نہ میں اس کا غیر ہوں اے
عزیز انسان ہمارا مظہر تام ہے میں ذات و
صفات واسماء وافعال سے اُس میں ظاہر ہوں
میں نے انسان کا اظہار کیا اور انسان مظہر
ہوا نہ انسان میرا عین ہے نہ غیر تو نے
یہ نکتہ سمجھا یعنی اسماء کون کو اسماء الٰہی نہیں
دئے جاسکتے اور نہ اسماء الٰہی کو اسماء کون دئے
جاسکتے ہیں یعنی مطلق کو مقید کہنا روا
نہیں اور نہ مقید کو مطلق اگرچہ مقید
از روئے حقیقت مطلق سے ظاہر ہوا

محبوبان ست وایں خطاب مطلوبان فہم من فہم
قال یا غوث الاعظم ما اکل الانسان
و ما شرب و ما قعد وما قام و ما نطق
وما صمت و ما فعل وما سکن وما توجہ
بشئ وما غاب عن شئ الا انا ساکن
و متحرک فیہ یعنی اے غوث بزرگ نخورد
انسان ونہ نوشد ونشیند ونہ ایستد ونہ گوید ونہ خاموش شد
ونہ سکون کند ونہ روآرد بچیزے ونہ غائب شود
از چیزے مگر کہ من ساکنم ومتحرکم دراں انسان
اے عزیز ہمہ افعال انسان بقدرت ماست ودر
ہمہ امور انسان من حاضرم ومن ناظرم ومن قادرم
ومن ظاہرم یعنی انسان خلیفہ ماست ومن مخلف
اویم و ہر خلقی کہ مخلف را بود مر خلیفہ را باشد نکتہ
اے محبوب تو کہ انسان اکملی در تو از ذات وصفات
ظاہرم خوردن ونوشیدن واستادن ونشستن
تو مبین است زیرا کہ در عالم محبت محب ومحبوب
کنفس واحد است چنانچہ در کلام قدسی ناطق
باوست فاذا احببت عبدی فاحببتہ کنت
لہ سمعا وبصرا ولسانا ویدا الی یسمع

سر محبوباں اور خطاب مطلوباں ہے جو سمجھا وہ سمجھا
یعنی اے غوث بزرگ خود انسان نہ کھاتا ہے
نہ پیتا ہے اور نہ بیٹھتا ہے اور نہ اٹھتا ہے اور نہ
کہتا ہے اور نہ خاموش ہوتا ہے اور نہ سکون کرتا
ہے اور نہ کسی چیز کی طرف رغبت کرتا ہے اور نہ
کسی شے سے غائب ہوتا ہے بلکہ میں اس کے اندر
متصرف ہوں اے عزیز تمام کارخانہ انسانی
کاموں کا میری قدرت سے ہے اور تمام انسانی
کاروبار میں حاضر وناظر میں ہوں میں ہی قادر ہوں
اور میں ہی ظاہر یعنی انسان تمام کاموں میں
میرا نائب اور خلیفہ ہے میں نے اس کو اپنا خلیفہ
کیا نائب اپنے کاموں میں اپنے مخلف کا تابع ہے
نکتہ اے محبوب تو انسان اکمل
ہے تجھ میں میں نے اپنے ذات اور صفات
کو ظاہر کیا کھانا پینا لیٹنا بیٹھنا تیرا مجھ سے ظاہر
ہوا کیونکہ عالم محبت میں محب اور محبوب
ایک ہیں چنانچہ حدیث قدسی اس پر دال
ہے فاذا احببت عبدی فاحببتہ کنت
لہ سمعا وبصرا ولسانا ویدا الی یسمع

از صفات عبودیت درگذشتی بصفات ربوبیت پیوستی
یعنی چوں نیست مطلق شدی ہست مطلق شدی
اے عزیز چوں درویش را بنار فقر
سوختہ نور گشت یعنی آلایش دوئی و خودی بہ
آتش فقر سوختہ خالص نور ماندہ پس لا حجاب
بینی وبینہ یعنی حجاب ہمیں آلایش خودی وہم
دوئی وبیگانگی بود چوں ایں حجاب برداشتہ شد قرب ویگانگی
حقیقی رونماید فہم من فہم اے عزیز دریاب کہ ایں
راز با محبوب است یعنی تقرب تو عین تقرب من است
وخدمت وعبودیت تو عبودیت من است وعصیان
وبعد تو عصیان وبعد من ست یعنی تو منی ومن توام
لا حجاب بینی وبینک یعنی چوں
آہن را در آتش اندازند و آہن رنگ وصفت
وصورت آتش گیرد وجملہ آتش گردد لا فرق
بینی وبینہ حاصل آید چوں محب بہ آتش محبت
سوختہ گردد ونار اللہ الموقدۃ التی تطلع
علی الافئدۃ او را در خود وجملہ محبوب گردد
لا فرق بینی وبینہ روئے نماید فہم من فہم اے عزیز ایں
آن فقر است کہ بداں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ

صفات عبودیت سے گذر جائے گا تو صفات ربوبیت سے
وابستہ ہوگا یعنی جب نیست مطلق ہو جائے گا تو ہست
مطلق کا ظہور ہوگا اے عزیز جب درویش آتش فقر سے
سوختہ ہوا نور بنا یعنی آلایش دوئی اور خودی کو آتش
فقر سے جلا کر خالص نور باقی رہا پس لا حجاب
بینی وبینہ صادق ہوا اور قرب ویگانگی حقیقی رونما
ہوئی فہم من فہم اے عزیز دریافت
کر کہ یہ راز محبوب کا ظاہر فرمایا یعنی تیرا
قرب عین میرا قرب ہے اور خدمت
اور فرمانبرداری تیری عین مری عبودیت اور خدمت
ہے اور نافرمانی اور بعد تیرا بعینہ میرا عصیان اور بعد ہے
یعنی مجھ میں اور تجھ میں یگانگی ہے کہ لا حجاب بینی وبینک
صادق ہے یعنی جب لوہے کو آگ میں ڈالتے ہیں در لوہے
کے تمام اوصاف رنگ صفت وصورت عین آگ ہو جاتے ہیں
تو لا فرق بینی وبینہ صادق ہوتا ہے اسی طرح جب محب
آتش محبت میں خاکستر ہو جاتا ہے اور نار اللہ الموقدۃ
التی تطلع علی الافئدۃ اس کے اوصاف کو کھا جاتا
ہے تو عین محبوب ہو جاتا ہے فہم من فہم اے عزیز یہ وہ
فقر ہے کہ اس سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ

ع اگر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی ۔ در مشرب ارباب
کمال حفظ مراتب شریعت است فنکتہ اسا
اے عزیز راز با محبوب است کہ انسان اکمل
است کہ ہمہ مراتب طے کردہ مقید مطلق شدہ قطرہ
بہ دریا پیوستہ فرو مطلق شدہ اگر محب را جویند
محبوب را یابند و اگر محبوب را جویند
محب را یابند قال یا غوث الاعظم
اذا رایت المحترق بنار الفقر والمنکسر
بکثرت الفاقہ فتقرب الیہ لا حجاب
بینی و بینہ گفت اے غوث بزرگ چوں بینی تو
کسے را کہ سوختہ شدہ است بآتش فقر و شکستہ و گداختہ
شدہ است بہ بسیاری فاقہ پس تقرب نمائی بسوئے او کہ
نیست حجاب میان من و میان او اے عزیز در عبارات
ایں طائفہ فقر و فاقہ اشارت بہ نیستی است کہ از خودی و
ہستی نیست شدہ باشد اذا تم الفقر فھو اللہ کنایت
از وست والفقیر لا یحتاج الی اللہ ولا الی
نفسہ عبارت از واست اے عزیز نیستی صفت
عبودیت است و ہستی صفت ربوبیت است
واللہ غنی وانتم الفقراء ناطق بر وست و چوں

ع اگر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی ۔ ارباب کمال
کے مشرب میں حفظ مراتب شریعت سے عبارت ہے
فنکتہ اے عزیز یہ راز محبوب سے کہا جا رہا ہے کہ
انسان اکمل ہے تمام مراتب طے کر کے مقید مطلق ہوا اور
مثل قطرہ دریا میں ملکر عین دریا ہوا یعنی مطلق اگر
محب کو ڈھونڈیں محبوب کو پائیں اور اگر محبوب کی تلاش
کریں محب کو پائیں ۔

اے غوث بزرگ جو آتش فقر و فاقہ سے
شکستہ پگھل گیا ہے اس کی صحبت عبادت سمجھ کر تلاش
کر کہ اس کے اور میرے درمیان حجاب نہیں
رہا اے عزیز اس طائفہ صوفیہ کی اصطلاح
میں فقر و فاقہ نیستی سے عبارت ہے
اذا تم الفقر فھو اللہ اس کی طرف
اشارہ ہے والفقیر لا یحتاج الی اللہ ولا الی
نفسہ سے یہی مراد ہے اے عزیز نیستی صفت
عبودیت ہے اور ہستی صفت ربوبیت واللہ
غنی وانتم الفقراء اس پر ناطق ہے جب

مراقبہ ومعائنہ حضرت حق است بیت سحر کرشمۂ
وصلش بخواب می دیدم * زہے مراتب خوابے کہ بہ
زبیداری است * اے عزیز ایں طعام طعامے
دیگر است وایں خواب خوابے دیگر وایں شراب
شراب دیگر است ذرہ ازیں طعام ویک قطرہ ازیں
شراب ترا روزے شود وایک پلک زدن ازیں خواب
ترا حاصل آید نظر بر کونین نہ اندازی وچشم
ہمت از ابد تا ابد الآباد بر حور وقصور نہ کشائی وما
زاغ البصر وما طغیٰ ہر وقت تو گردد ولذت طعام
وشراب ہر دو جہان ترا زہر قاتل نمایدان
للہ جنۃ لیس فیہا حور ولا قصور ولا لبن ولا
عسل ویتجلی ربنا ضاحکا جلوہٗ
نکتہ اے عزیز ایں طعام وایں شراب وایں
خاصہ انبیاء اولوالعزم را باشد واخص الخاص اولیا
را باشد بعض را در سالے وبعض را در ماہے وبعض
در ہفتہ واز ہزاراں یکے را روزی شود وحضرت
غوث الاعظم را ہمیشہ روزی بود کہ زندگی ایشاں
بدیں طعام وحیات ایشاں بایں شراب
وراحت ایشاں بایں خواب قال یا غوث الاعظم

مراقبہ ومعائنہ حق تعالیٰ ہے بیت سحر کرشمۂ
وصلش بخواب می دیدم * زہے مراتب خوابے کہ بہ
زبیداری است * اے عزیز یہ طعام طعام دیگر
ہے اور یہ خواب خواب دیگر اور یہ شراب
شراب دیگر ایک ذرہ اس طعام کا اور ایک قطرہ
اس شراب کا اگر تجھے مل جائے اور چشم زدن کے
لیے یہ خواب میسر ہو جائے تو دونوں جہان تیرے نزدیک
ہیچ ہو جائیں اور چشم ہمت ہمیشہ کے لیے حور وقصور پر نہ
کھولے اور لذت طعام وشراب دونوں جہان کے تجھے
زہر قاتل معلوم ہوں اور ہر وقت وما زاغ البصر وما
طغیٰ تیرا حال ہو اور ان للہ جنۃ فیہا حور ولا قصور
ولا لبن ولا عسل ویتجلی ربنا ضاحکا جلوہ
نما ہو اے عزیز نکتہ یہ طعام اور شراب اولوالعزم
انبیا علیہم السلام اور اخص الخاص اولیاء عظام
کے ساتھ مخصوص ہے بعض کو سال میں اور بعض کو ماہ
میں اور بعض کو ہفتہ میں اور ہزاروں میں سے ایک کو یہ دولت
ملتی ہے اور حضرت غوث الاعظم کو ہمیشہ ملتی تھی آپ کی
زندگی اور راحت اور خواب اس طعام اور شراب سے
تھی اے غوث بزرگ جو سفر باطن

وسلم فخر کردے و می نازید ے کہ الفقر فخری اے
عزیز این فقر خاصہ حضرت سلطان الانبیا است
صلی اللہ علیہ وسلم ازیں حرفت فخر یافتہ کہ
لکل نبی حرفۃ ولی حرفتان الفقر والجہاد
اے عزیز مراتب فقر اعلیٰ است از نشان بے نشان
است کہ الفقر فھو اللہ من لم یذقہ لم یدر کہ
یا غوث الاعظم لا تاکل طعاما ولا
تشرب شرابا ولا تنم نوما الا بقلب حاضر
وعین ناظرۃ عند ربی گفت اے غوث بزرگ
مخور تو طعام را و منوش تو شراب را و مخسپ تو خواب را
مگر نزدیک من پس نخوردم من طعام را و نہ نوشیدم من شراب
را و نہ کردم من خواب را مگر بہ دل حاضر و چشم ناظر نزدیک
پروردگار خویش اے عزیز خوردن و خفتن حضرات
اولیا و انبیا برین است نوبت ایشان و مخلص مر تقرب
حضرت حق تعالیٰ است جل جلالہ خوردن و خفتن
حضرات انبیا و اولیا بشکل دیگران نیست کہ خوردن
ایشان بدوست و خفتن ایشان با دوست کہ ابیت
عند ربی وھو یطعمنی ویسقینی ناطق است باد
خوردن ایشان ذوق و شوق حضرت حق و خفتن ایشان

وسلم فخر فرماتے ہیں اور ناز فرما کر کہتے کہ الفقر فخری
اے عزیز یہ فقر حضرت سلطان انبیا صلی اللہ علیہ
وسلم کے ساتھ مخصوص ہے اس حرفت سے فخر فرما کر ارشاد
کیا لکل نبی حرفۃ ولی حرفتان الفقر والجہاد
اے عزیز مراتب فقر اعلیٰ ہیں اور ذات بے نشان کا
ایک نشان ہے کما اذا تم الفقر فھو اللہ من لم یذقہ
لم یدر کہ اے غوث الاعظم نہ کھا کسی کھانے کو اور
نہ پی کسی شراب کو اور نہ سو مگر میرے پاس پس
نہ کھایا میں نے طعام کو اور نہ پیا میں نے
شراب کو اور نہ کیا میں نے خواب کو
مگر حضورِ دل اور چشم بینا سے اپنے
پروردگار کے پاس ؛
اے عزیز کھانا سونا حضرات انبیا و
اولیا علیہم السلام کا عین عبادت اور قرب
جناب باری جل و علا شانہ ہے اور دوسرے
لوگوں کا کھانا اور سونا اُن کے نفس کے ساتھ
ہے چنانچہ وھو یطعمنی ویسقینی
اُس پر ناطق ہے اُن کا کھانا ذوق و
شوق حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ ہے اور سونا

معنی دویم آنست یعنی درویش کہ مبتلا کردہ شد
بے ارشاد مرشد مجذوب سالک بعبادت ظاہری بصوم
وصلوٰۃ زیادہ وبعمل ریائی وخودبینی وخودپرستی کہ در اصطلاح
عشاق وعرفا این را بہ سفر ظاہری بری گویند پس
او محروم کردہ شد از سفر باطنی از حضوری وسروری
وجمعیت ومشاہدہ ومکاشفہ ومعائنہ این را در اصطلاح
صوفیہ سفر باطنی سحری گویند زیراکہ اعمال ظاہری منظور
خلق است واعمال باطنی منظور حق است کہ ان
اللہ لا ینظر الی صورکم واعمالکم ولکن ینظر
الی قلوبکم ونیاتکم پس سفر ظاہری آراستن
تن است وسفر باطن آراستن دل استکہ نظرگاہ
حضرت حق تعالیٰ است اے عزیز اسلم زین
معنی بزرگان فرمودہ اند کہ راہ حق نہ در آسمان ونہ در
زمین است بلکہ راہ حضرت حق تعالیٰ در تست ارشاد
براہ دلی کردہ اند ہر کہ براہ دل رفتہ حضرت حق
تعالیٰ را یافتہ وہر کہ این راہ گم کردہ گمراہ ابد گشتہ
اے عزیز القلب بیت اللہ الاعظم
باید کہ این بیت را صفائی دہی واز خار وخاشاک
غیر پاک گردانی کہ القلب حرم اللہ وحرام

دویم وہ درویش ہے کہ جو مبتلا کیا گیا ہے ارشاد
مرشد مجذوب سالک بعبادت ظاہری صوم وصلوٰۃ
ونفل وعمل ریائی وخودبینی وخودپرستی کہ اصطلاح
عشاق وعرفا میں اس کو سفر ظاہری بری کہتے ہیں پس
ایسا شخص سفر باطنی حضوری وسروری وجمعیت
ومشاہدہ ومکاشفہ ومعاینہ سے محروم ہے اس کو
اصطلاح صوفیہ میں سفر باطنی سحری کہتے ہیں اس وجہ سے
کہ اعمال ظاہری منظور خلق ہیں اور اعمال باطنی منظور
حق سبحانہ کہ ان اللہ لا ینظر الی صورکم واعمالکم
ولکن ینظر الی قلوبکم ونیاتکم پس سفر ظاہر آراستگی
تن کا نام ہے اور سفر باطن آراستگی دل کا نام ہے کہ
منظور نظر حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ ہے اے عزیز بزرگوں
